ٹیگور ہال میں نزولِ قرآن کانفرنس کا انعقاد

قرآنی تعلیمات کی معنویت اور افادیت پر روشنی ڈالی گئی

سرینگر// رمضان سپیشل سیریز کے تحت جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کے زیر اہتمام ۲۱ر جون کو ٹیگور ہال میں نزولِ قرآن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کا آغاز سبزار احمد نے تلاوتِ کلامِ پاک سے کیا اور لیاقت احمد نے خوش الحانی کے ساتھ نعتِ رسولؐ پیش کی۔ اپنے خطبۂ استقبالیہ میں سیکریٹری اکیڈیمی ڈاکٹر عزیز حاجنی نے کہا کہ ادارے کا مقصد ادبی، تہذیبی اور ثقافتی اثاثے کی ترقی کے ساتھ ساتھ اس کی حفاظت اور اس تہذیبی وراثت کو مستحکم کرنے کے لئے اقدامات اُٹھانا ہے۔ لہٰذا ماہِ رمضان میں اس نسبت سے محفلیں (باقی صفحہ ۲۱ پر)

وزیرِاعلیٰ کی صدارت میں اکیڈیمی کی جنرل کونسل کا اجلاس

ادب فن اور ثقافت کے مختلف شعبوں میں نامزد اراکین کی شرکت، اہم فیصلے لئے گئے

جموں// جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کی خودمختاری کو استحکام عطا کرنے، اس کے آئینی اداروں کے قیام اور اُن کی ساکھ بحال کرنے کے لئے اس سال کے مارچ مہینے میں وزیرِاعلیٰ اور صدر اکیڈیمی محترمہ محبوبہ مفتی کی صدارت میں اکیڈیمی کی جنرل کونسل کا اجلاس منعقد ہوا۔ قریب ۳۵ر برس کے وقفے کے بعد منعقدہ یہ اجلاس کنونشن ہال جموں میں منعقد ہوا جس میں نو تشکیل شدہ جنرل کونسل کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیرِاعلیٰ محبوبہ مفتی نے کہا کہ اکیڈیمی ریاست کے تمام خطوں، مختلف زبانوں اور سماج کے افراد کو یکجا کرنے کا کام کرتی ہے۔ (باقی صفحہ ۲۱ پر)

قوالی مقابلے کا انعقاد، مختلف اضلاع سے گروپوں کی شرکت

اکیڈیمی اور محکمہ سکول ایجوکیشن کی مشترکہ کوشش

سرینگر// رمضان سپیشل کے تحت جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز اور ڈائریکٹوریٹ آف سکول ایجوکیشن کشمیر کی طرف سے ۱۶ر اور ۱۷ر جون کو ٹیگور ہال میں دو روزہ قوالی مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں وادی کے مختلف اضلاع کے طلبہ نے گروپوں کی صورت میں حصہ لیا۔ مقابلے میں جن اضلاع کے بچوں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا ان میں اننت ناگ، بانڈی پورہ، بارہمولہ، بڈگام، گاندربل، کلگام، کپواڑہ، پلوامہ، شوپیان اور سرینگر شامل تھے۔ اس مقابلے کی ایک خاصیت یہ تھی کہ اس میں ابتدائی دور میں ۱۵۰۰ر اسکولوں نے بنیادی سطح پر حصہ لیا تھا جن میں سے زونل سطح پر ۲۵۰ر اسکولوں میں سے ضلع سطح پر ۱۰۰ر اسکولوں نے حصہ لیا اور ہر ضلع سے محکمہ تعلیم کی طرف سے ایک گروپ منتخب کیا گیا جس نے صوبائی سطح کے اس مقابلے میں حصہ لیا۔ قوالی مقابلے کے پہلے روز اِی۔ٹی۔وی جموں وکشمیر کے سربراہ منوج کول مہمانِ خصوصی تھے جبکہ دوسرے روز ڈائریکٹر دور درشن کشمیر قاضی سلمان اور ریڈیو کشمیر سرینگر کے شعبہ خبر کے سربراہ مشتاق احمد مشتاق بحیثیت مہمانِ ذی وقار موجود تھے۔ سیکریٹری اکیڈیمی ڈاکٹر عزیز حاجنی نے اپنے استقبالیہ خطبے میں اعلان کیا کہ قوالی مقابلے میں ادارے کی طرف سے پہلا مقام حاصل کرنے والے گروپ کے لئے ایک لاکھ، دوسرا مقام حاصل کرنے والے کے لئے پچھتر ہزار، تیسرا مقام (باقی صفحہ ۱۲ پر)

مرزا محمد صالح بیگ کے کشمیری شعری مجموعے

''ہوا۔خوشبوئے'' کی رسمِ رونمائی

سرینگر// ۲۵ر مئی کو انسٹی چیوٹ آف ایڈوانس سٹڈیز ان ایجوکیشن کے زیر اہتمام کشمیری زبان کے معروف شاعر مرحوم مرزا محمد صالح بیگ کے شعری مجموعہ ''ہوا خوشبوے'' کی رسمِ رونمائی انجام دی گئی۔ معروف ادیب وشاعر ظریف احمد ظریف تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے جبکہ شاعر اور صحافی امداد ساقی بھی ایوانِ صدارت میں موجود تھے۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی نے کہا کہ مرحوم صالح بیگ کی کشمیری زبان میں عقیدتی شاعری قابلِ ستائش ہے۔ پرنسپل پروین پنڈت نے مہمانوں کا استقبال کیا جبکہ گلشن بدرنی نے تقریب کی نظامت کے فرائض انجام دیئے۔ مرحوم کے فرزند اور ریاست کے معروف مصور ارشد صالح نے شکریہ کی تحریک پیش کی۔☆